RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ جمادی الثانی سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۲ جون سنہ ۱۹۱۱ع	نمبر ۲۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ اسد علیخان انگلش کلرک	۱و۲
۲	تقرر عبدالرحمن خان بعہدہ جیلر زندان	۲
۳	تبادل احمد علیخان گرداور سوار و محمد حسین خان گرداور بلاسپور	״
۴	رخصت محمد عباس علیخانصاحب ناظم دفتر کار نظامت	״
۵	رخصت محمد یعقوب علیخان نائب تحصیلدار	״
۶	رخصت یاقوت خانصاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس	״
۷	رخصت حکم نویس اجلاس صاحب چوم سکرٹری بہادر	״
۸	ترمیم رخصت صاحب مجسٹریٹ ضلع	״
۹	اضافہ عتیق الرحمن خان اہلمد	۲و۳
۱۰	تقرر شیر خان بکار باغات	۳
	....	״

آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۷ مئی سنہ ۱۹۱۱ع

بملاحظہ رپورٹ کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج ریاست رامپور معروضہ ۱۸ مئی سنہ ۱۹۱۱ع واضح ہوا کہ اسد علیخان ولد اصغر علیخان انگریزی کلرک کا تقرر امتحاناً چھ ماہ کیواسطے بمشاہرہ تیس روپیہ ہوا ہے بجلدوی تحریر انگریزی شیٹ رول انکو فی الحال پانچروپیہ ماہوار الاؤنس

بجنسٹ تھرڈ بٹالین رسے دیا جاوے ورنہ انکی موجودہ تنخواہ مین پانچروپیہ ماہوار کا اضافہ فرماکے شامل انگریزی کلرک ابتی تنخواہ پینتیس روپیہ ماہوار کیجاوے کیونکہ فرسٹ بٹالین کے امپریل انفنٹری ہوسنے سے انگریزی کا کام زیادہ ہوگیا ہے - چونکہ اب سواے امپیریل سروس لانسرز انفنٹری کے بقیہ کل فوج کے شیٹ رول انگریزی مین رکھنا مقصود نہین ہین - پس آیندہ شیٹ رول صرف اُردو مین تحریر ہوا کرین اور امپریل سروس لانسرز و امپریل سروس انفنٹری کے اُردو انگریزی دونون زبانون مین تحریر ہوا کرینگے - لہذا اسد علیخان انگلش کلرک کی موجودہ تنخواہ مین پانچروپیہ ماہوار اضافہ ۲۴ مئی سنہ ۱۹۱۱ء سے منظور ہے آیندہ اُسکو پینتیس روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی آرمی آرڈر ہذا عام طور پر صیغہ فوج مین جاری ہو - اور درج گزٹ کیواسطے حسب قاعدہ نقل مرسل ہو -

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۷ - جون سنہ ۱۹۱۱ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر در بارہ واپسی مقبول احمد خان جیلر زندان بجاے سابقہ خود در توشہ خانہ و مسدودی جیل الاونس و تقرر عبد الرحمن خان پسر مفتی غلام حیدر خان بمشاہرہ چالیس روپیہ بعہدۂ جیلر زندان -

مقبول احمد خان توشہ خانہ مین اپنی پہلی جگہ پر واپس بھیجدیے جاوین جیل الاونس جو انکو ملتا ہے وہ آیندہ جاری نہین رہیگا حسب استدعاے صاحب ہوم سکرٹری بہادر عبد الرحمن خان پسر مفتی غلام حیدر خان بعہدۂ جیلر بمشاہرہ چالیس روپیہ ماہوار مقرر کیے جائین - احکام ضابطہ

جاری ہون -

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۲۴ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

احمد علیخان گرداور قانونگوے تحصیل سوار نے یوم تقرری عہدۂ گرداوری سے اپنا کام نہایت سستی و غفلت و لاپروائی سے انجام دیا - بارہا تاکیدین کی گئین اور سخت حکم لکھے گئے لیکن آپنے اپنے عادت کو نہ چھوڑا - چار چھ ماہ سے کم مین کوئی تعمیل آپنے نہین کی چار مثلین قطع درختان کے متعلق تحصیل سے آئی ہین جنین تحصیلدار صاحب نے شکایت کی ہے - سات تین ماہ کے بعد یہ مثلین گرداور نے پیش کی ہین توقف تعمیل کا عذر گرداور کا نہایت معمولی یعنی پٹواری کا نہ ملنا تحریر ہے حالانکہ کوئی رپورٹ باضابطہ پٹواری کے غیر حاضری کے متعلق شامل نہین ہے - ابھی حال مین اس قانونگوی کی غفلت سے درخت ایسے نمبرونکے نیلام ہوے ہین جنمین درخت نہین تھے - عند الاخذ جواب بیان کیا کہ سہواً ایسا ہوا ہے اس قصور مین بیس روپیہ جرمانہ بھی گرداور پر ہوا لیکن ابھی تک گرداور کی حالت درست نہین ہوئی صاحب مہتمم بندوبست کی زبانی معلوم ہوا کہ احمد علی گرداور کی تبدیلی کی رپورٹ انہون نے بلاسپور مین کردی ہے جو ابھی تک پیشی مین نہین آئی ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

باتفاق راے صاحب مہتمم بندوبست مسمی احمد علی گرداور سوار تحصیل بلاسپور کو تبدیل ہو - اور محمد حسین خان گرداور بلاسپور تحصیل سوار مین

تبدیل ہون - اور احمد علی کو کافی طور پر متنبہ کر دیا جاوے کہ اسکو ایک
موقعہ یہ اور دیا گیا ہے - اگر اب بھی ٹھیک طور سے کام انجام نہین دیا
تو انکے متعلق سخت حکم دیا جاویگا - تحصیلدار بلاسپور انکے کام کی اچھی طرح
نگرانی رکھین - احکام ضابطہ جاری ہون - ایک نقل صاحب مہتمم بندوبست
کی خدمت مین مرسل ہو - ایک نقل درج گزٹ ہو - مقام کلکتہ

صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر انچارج صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۳ جون سنہ ۱۹۱۱ع

بوجہ علالت بمشورہ ڈاکٹر محمد عباس علیخان صاحب ناظم کی درخواست
رخصت ایک ماہ ۴ جون سنہ ۱۹۱۱ع سے حسب سفارش اجلاس ہذا بندگان
حضور پرنور دام اقبالہم نے منظور فرمائی ہے - اور چونکہ صاحب
مہتمم بندوبست بھی ہمراہی صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کلکتہ مین ہین
انکا کام بھی بحیثیت انچارجی ناظم صاحب کرتے تھے - لہذا تا رخصت
ناظم صاحب حاکم صاحب صدر انچارج ناظم نظامت کا کام انجام دین
اور تا واپسی صاحب مہتمم بندوبست کار بندوبست کی بھی انچارج رہین

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ براے اجراء احکام صدر کو مرسل ہو -
ایک ایک نقل اطلاعاً و تعمیلاً نظامت و بندوبست و اجلاس حاکم صاحب صدر
مین بھیجی جاوے -

نائب صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر انچارج صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۴ جون سنہ ۱۹۱۱ع

منشی عباس علیخان صاحب ناظم بغرض علاج خود پہاڑ جانا چاہتے ہین
لہذا حسب منشاء حکم حضور معلی دام اقبالہم و ملکہم انکے پسر محمد یعقوب علیخان
نائب تحصیلدار شاہ آباد کو رخصت یکماہ بغرض ہمراہی عطا کی گئی -

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۱۰ جون سنہ ۱۹۱۱ع

حسب ارشاد بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم بذریعہ ڈی او صاحب جوڈیشل
سکرٹری بہادر رخصت رعایتی یکماہ خانبہادر یاقوت خان صاحب سپرنٹنڈنٹ
پولیس منظور کی گئی - ایام رخصت مین خانبہادر سید رضا حسین صاحب سپرنٹنڈنٹ
سابق مقرر ہو کر اپنی پوری تنخواہ پر کام انجام دینگے -

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

رخصت

۳۱ مئی سنہ ۱۹۱۱ع

رخصت رعایتی پندرہ ۱۵ یوم منشی صادق حسین حکم نویس اجلاس
۳ جون سنہ ۱۹۱۱ع سے ۱۷ جون تک منظور کی گئی -

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

رخصت

۷ جون سنہ ۱۹۱۱ع

مزید رخصت دو ہفتہ صاحب مجسٹریٹ ضلع منظور کی گئی - ایام رخصت مین

بدستور صاحب مجسٹریٹ درجہ اول کام انجام دینگے۔

روبکار اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر واقع ۲۵ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

منشی عتیق الرحمن خان خلف حکیم شفیق الرحمن خانصاحب افسر کارخانہ جات بشاہرہ آٹھ روپیہ ماہوار کام ابجدی جانچ کا دفتر جناب موصوف مین انجام دے رہے ہین۔ صاحب موصوف اُنکے کام سے مطمئن اور خوش ہین۔ بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم نے اُنکی بابت ارشاد فرمایا ہے کہ تنخواہ مین اضافہ کیا جائے۔

لہذا حکم ہوا

عتیق الرحمن خان ابجد جانچ کی تنخواہ مین سات روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر واقع ۲۴ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

بملاحظہ ڈمی او صاحب چیف سکرٹری بہادر کہ بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم نے ارشاد فرمایا ہے بشیر خان پسر شمو خان کو کارخانہ جات مین بیس روپیہ کی جگہ دیجائے۔

حکم ہوا کہ

احکام تقرر بشیر خان پسر شمو خان بشاہرہ بیس روپیہ ماہوار حسب الحکم حضور معلی دام اقبالہم جاری ہون۔ باغات مین نامبردہ سے کام لیا جائے۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۲ جون سنہ ۱۹۱۱ء

حسب تحریر سررشتہ دار صاحب صدر و حاکم صاحب صدر رخصت دو ماہ گرجا پرشاد اہلمد ثانی متعینہ صدر بغرض یاتر وغیرہ بعوض سردار بہادر امید وار صدر منظور کی گئی ۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ جون سنہ ۱۹۱۱ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ جیل رخصت رعایتی بارہ یوم جیلر صاحب زندان بذمہ داری نائب جیلر منظور کی گئی ۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقعہ ۱۰ جون سنہ ۱۹۱۱ء

حسب ایما بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سید ذاکر حسین کو سند وکالت درجہ اول دیجاوے اور بذریعہ مولوی سید علی رضا صاحب انکو اطلاع دیجاوے کہ اسٹامپ معینہ داخل کرکے سند حاصل کر لیں ۔ نقل حکم اطلاعاً عدالت ججی کو بھیجی جاوے صاحب ڈسٹرکٹ جج عدالتہائے فوجداری و دیوانی و خفیفہ کو بھی مطلع کر دیں ۔ اور ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو ۔

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا